09/03/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں عابدہ اختر

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریند رمودی نے کہاہے کہ ملک مینصحت شعبے کا بنیادی ڈھانچہ پچھلے کئی سالوں سے مضبوط ہوا ہے ۔ وہ "سب کا ساتھ سب کاوکاس" لوگوں کی امنگوں کوپورا کرنے کے موضوع پر پوسٹ بجٹ ویبنار سے خطاب کر رہے تھے۔

وزیر اعظم نے کہاہے کہ عوام کی امنگونکوپورا کرنا محض بجٹ کا معاملہ نہیں ہے بلکہ یہ بجٹ بنیاد اور حکومت کی عزم کا ہے ۔ انہوں نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ ملک جامع صحت کے نظریے کے ساتھ کام کر رہا ہے۔

نائب وزیراعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندرکمار چودھری نے کہا ہے کہ حکومت سرحدی علاقوں میں بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانے اور روزگار کے مواقعے پیدا کرنے کے لئے
پ

رعزم ہے۔ان باتونکا اظہاانہوں نے کل آر ایس پورہ جمونکے سرحدی علاقوں کے تفصیلی ± دورے کے دوران کیا۔انہوں نے مقامی لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ لیبر کارڈ کے لئے رجسٹریشن کریں جو بیٹیوں کی شادی میں مدد، بچوں کی تعلیم کے لئے سکالرشپ اور کارکنوں کے لئے ہیلتھ اِنشورنس کوریج جیسے فوائد فراہم کرتے ہیں۔

NEET

کے آن NEET2026اینٹرنس ٹیسٹ یعنیEligibility Cum نے نیشنلNTA نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی لائن درخواست فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ میں3 روز کی توسیع کر دی ہے۔ اب امیدوار 11

مارچ 2026 کی رات9 بجے تک اپنے آن لائن درخواست فارم جمع کرا سکیں گے، جبکہ فیس اسی روز رات 11 بجکر 50 منٹ تک ادا کی جاسکتی ہے۔

NTA کی جانب سے جاری کردہ ایک نوٹس کے مطابق امیدواروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ توسیع شدہ مدت کے اندر فارم بھرنے کا عمل مکمل کریں، کیونکہ اس کے بعد مزید توسیع نہیں کی جائے گی۔

قابلِ ذکر ہے کہ جموں و کشمیر کی وزیر تعلیم، سکینہ ایتو نے 6 مارچ کو مرکزی وزیر تعلیم دھرمندر پردھان کو خط لکھ کر نیٹ یو جی 2026کی درخواستوں کی آخری تاریخ بڑھانے کی اپیل کی تھی۔

اننت ناگDC

ضلع ترقیاتی کمشنر اننت ناگ، ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے کل ضلع کے کئی اہم مذہبی مقامات تاریخی مارتنڈ مندر ، گوردوارہ شری گرو نانک دیو جی اور آستان عالیہ حضرت سخی زین الدین ولی ؒ عیش مقام کا دورہ کر کے جاری ترقیاتی کام اورعقیدت مندوں اور سیاحوں کے لئے سہولیات کا جائزہ لیا۔دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے مذہنی مقامات کے انتظامیہ کمیٹیوں کے ممبران کے ساتھ بھی مختلف معاملات پر تبادلہ خیا ل کیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ انتظامیہ مذہبی مقامات پر بنیادی سہولیات بہم رکھنے کی و عدہ بند ہے۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر یوٹی سے رشوت خوری کا قلع قمع کرنے نیز رشوت خوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے تاہم اس بدعت کا مکمل طور سے خاتمہ کرنے کے لئے عوام کا تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔

ACB نے عام لوگوں کی سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن بھی جاری کی ہے جس کا ACB نمبر9419678060 ہے ۔ اس بارے میں کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

-----S.K Pathak----

گاندربل

عالمی یوم خواتین کے موقعے پر کل گاندربل میں ضلع سطح کاایک میلہ منعقد ہوا جس میں وومن انٹر پرنیور اورسیلف ہیلپ گروپ کے علاوہ خواتین کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی۔تقریب میں ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور مہمان خصوصی کی حیثیت سے موجود تھے۔جبکہ پروگرام میں دیگر کئی محکموں کے افسران نے بھی شرکت کی۔

بانڈی پورہ

بانڈی پورہ ضلع میں ڈیجیٹل کراپ سروے کے حوالے سے ایک میٹنگ منعقد ہوئی ۔ میٹنگ کی صدارت ڈپٹی کمشنر بانڈ ی پورہ اندو کنول چب نے ورچول طور کی ہے ۔میٹنگ میں ڈیجیٹل کراپ سروے کا خاکہ پیش کیا گیا۔میٹنگ میں بتایا گیا ہے کہ ضلع میں 60دیہات کا سروے کیلئے انتخاب کیا گیااور یہ عمل چالیس روز میں مکمل کیاجائے گا ۔

بڈگام

خواتین کو تعلیم، بیداری اور معاشی مواقعے فراہم کرناپائیدار ترقی کیلئے انتہائی ضروری ہے۔ ان باتوں کا اظہار ضلع ترقیاتی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان نے عالمی یوم خواتین کی مناسبت سے منعقدہ ایک تقریب کے دوران کیا۔ تقریب میں ضلع سے تعلق رکھنے والی خواتین کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی ۔

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****